K

# खानदान

# خاندان

اداکاران

سنیل دت۔ نوتن۔ ہیلن

للتا پوار۔ ادم۔ ممتاز

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

# خاندان فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

بڑی دیر بھئی نند لالا تیری راہ تکے برج بالا رے
گوال بال اک اک سے پوچھے کہاں ہے مُرلی والا رے۔
کوئی نہ جائے کُنج گلین میں
تجھ بن کلیاں چُننے کو
ترس رہے ہیں جمنا کے تٹ دُھن مُرلی کی سُننے کو
اب درشن دکھلا دے نٹ کھٹ کیوں دُودھا میں ڈالا رے
سنکٹ میں ہے آج وہ دھرتی
جس پر تو نے جنم لیا
پورا کر دے آج وچن وہ گیتا میں جو تو نے دیا
تجھ بن کوئی نہیں ہے موہن
بھارت کا رکھوالا رے۔

گانا نمبر ۲۔ کہاں چلی کہاں چلی کہاں چلی
میلے میلے
او بلّو ذرا سوچ کے میلے جانا
سارا شہر تیرا دیوانہ
تیرے روپ کو دے کے طعنہ بدنام کرے
او بلے سمجھ نہ مجھ کو بھولی میرا روپ زہر کی گولی

سُن رے دیوالوں کی ٹولی کوئی نام نہ دھرے
ڈھلکے دوپٹوا تو لٹ تیری بکھرے
جھک جائے بینوا تو مُدپ تیرا بکھرے
او پیچھے پڑی ہے دُنیا ساری
بیرن لاکھ جتن کر ہاری
مَیں تو اب تک رہی کنواری کوئی نام تو دھرے
دُنیا کی آنکھ ہیں جوانی میری کھٹکے
کتنوں کے دِل ہیں تنتنیوں میں اٹکے
او جب سے سال سولہواں لاگا میرا انگ انگ جاگا
پیچھے ہر دِل والا بھاگا
کوئی کام نہ کرے ۔ او پیتے۔۔

گانا نمبر۲: نیل گگن پر اُڑتے بادل آ آ آ
دھوپ میں جلتا کھیت ہمارا کر دے تو چھایا
چھپے ہوئے او چنچل پنچھی جا جا جا
دیکھ ابھی ہے کچا دانہ پک جائے تو کھا
بھنہ بھنہ کیاریوں میں ٹھنڈا ٹھنڈا پانی
چوم نہ لے کہیں پاؤں تیرے او کھیتوں کی رانی
چوم لے بھلے پاؤں میرے وہ بھی ہو گا میلا
مَیں تیوں کھیتوں کی داسی تو کھیتوں کا راجہ
ہری بھری ان کھیتوں کی رام کرے رکھوالی
وہ چاہے تو لاکھوں دانے دیگی اِک اِک ڈالی

محنت والوں کی بھی سنتا ہے وہ اوپر والا
کھول کے رکھو اپنی جھولی بھر دے گا داتا

گانا نمبر ۶:۔ آؤ ڈانس کریں تھوڑا رومانس کریں
نظر نظر میں ہوتا ہے سودا تیرے میرے دل کا
بھیگی ہے زندگانی دم بھر میں ہو سہانی
تھوڑی سی مہربانی کر دے حسین
راہی ہوں تیرے در کا بندہ حضور کا
زلفوں کی جانا ہے چھاؤں گھنی
دل ہے میرا بس روٹھ تیرا اپنا سا
موسم ہے عاشقی کا مستی کا بیخودی کا
پھر کیوں نہ زندگی کا آئے مزا
ٹھکرا کے یہ زمانہ بھر لے کہیں ٹھکانہ
اپنا تو ہے ارادہ تیرا ہے کیا ۔ دل ...

گانا نمبر ۷:۔ مجھے جب جب بہاروں کا زمانہ یاد آئیگا
کہیں اپنا بھی تھا اک آشیانہ یاد آئے گا
کل چمن تھا آج اک صحرا ہوا
دیکھتے ہی دیکھتے یہ کیا ہوا
مجھکو بربادی کا کوئی غم نہیں
غم ہے بربادی کا کیوں چرچا ہوا
ایک چھوٹا سا تھا میرا آشیاں
آج تنکے سے الگ تنکا ہوا

سوچتا ہوں اپنے گھر کو دیکھ کر
یہ نہ ہو یہ ہے میرا دیکھا ہوا
دیکھنے والوں نے دیکھا ہے دھواں
کس نے دیکھا دل میرا جلتا ہوا

گانا (۱۲) تم ہی میرے مندر تم ہی میری پوجا
تم ہی دیوتا ہو
کوئی میری آنکھوں سے دیکھے تو سمجھے
کہ تم میرے کیا ہو
جدھر دیکھتی ہوں ادھر تم ہی تم ہو
نہ جانے مگر کن خیالوں میں گم ہو
مجھے دیکھ کر تم ذرا مسکرا دو
نہیں تو میں سمجھوں گی مجھ سے خفا ہو
تم ہی میرے ماتھے کی بندیا کی جھلمل
تم ہی میرے ہاتھوں کے گجروں کی منزل
میں ہوں ایک چھوٹی سی ماٹی کی گڑیا
تم ہی پران میرے تم ہی آتما ہو
بہت رات بیتی چلو میں سلا دوں
پون چھیڑے سرگم
میں لوری سنا دوں
تمہیں دیکھ کر یہ خیال آ رہا ہے
کہ جیسے فرشتہ کوئی سو رہا ہے

گانا نمبر ۷: دو دن جھوٹا پیار جتا کے چلا گیا اک بابو
کوئی بتا دے کیسے رکھوں اپنے دل پر قابو
میری مٹی میں مل گئی جوانی ہائے رام
کوئی سمجھے نہ میری کہانی ہائے رام
کھلاتا تھا پیار سے بنارس کے پان
گھڑی گھڑی کہتا تھا ہائے میری جان
یاد آتی ہے جب اُس کی میٹھی زبان
تو رو رو کے کہتا ہے دل نادان
ابھی تو ہے مشکل سے دو دن کی بات
کہ سیّاں کے پہلو میں کٹتی تھی رات
میں تو سمجھی تھی ساری عمر کا ہے ساتھ
کیا پتہ تھا ایسی ہے مردوں کی ذات
نہ ہوتا اگر چار آنکھوں کا میل
جدائی کی ہوتی نہ لمبی یہ جیل
بڑا کتنا مہنگا محبت کا کھیل
یہ کہتا ہے بہہ بہہ کے زلفوں کا تیل
گانا نمبر ۸: - میں سناتا ہوں تجھے
ایک کہانی سن لے
او میرے لال ذرا میری زبانی سن لے
میرے ننھے میرے منے میری اولاد ہے تو
میں نے بھگوان سے جو کی تھی وہ فریاد ہے تو

باپ ہوں تیرا مگر تجھ کو کھلا سکتا نہیں
دونوں ہاتھوں سے کبھی تجھ کو اٹھا سکتا نہیں
تو اگر چاہے کہ میں بن جاؤں تیرا گھوڑا
جو نہ بن پاؤں تو دکھ ہوگا تجھے بھی تھوڑا
لیکن اک بات میرے ننھے تجھے یاد رہے
دل تیری ماں کا تیرے پیار سے آباد رہے
تو ہو کے بڑا بن جانا
اپنی ماتا کا رکھوالا
بدقسمت کے گھر پیدا ہوا ہے قسمت والا
تیرے دو ہاتھوں کی طاقت ہی تقدیر ہے تیری
ہمت جس کا نام ہے بیٹا وہ جاگیر ہے تیری
ہر مشکل سے لڑ سکتا ہے در در ہاتھوں والا
دیکھ کسی کے رستے کی دیوار کبھی نہ ہونا
جب تک جاگے تیرا پڑوسی تب تک تو نہ سونا
دردپرائے کا بٹاتا ہے
کوئی ہاتھوں والا
پاؤں جہاں تیرے پڑ جائیں پھول وہاں کھل جائے
پیار سے تیرے بچھڑے ہوئے دل
آپس میں مل جائے
کہتا ہے یہ چاند سا مکھڑا تو ہے محبت والا
ختم شد

# پامسٹری عرف خط تقدیر

یا علم سامدرک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھکر تقدیر کا بھلا برا حال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف نقوش دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس علم کو سیکھکر آپ ہزاروں روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

# بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا

بغیر بجلی کے چلنے والا ریڈیو بہت کم لاگت سے گھر بیٹھے بنانا سیکھئے۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

# فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں اتنی دوسری چیز کو نہیں اور بعض فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصولڈاک معاف

ستی اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی